روان یو؟ نن داسې صورتحال سره دا صوبه مخامخ ده۔ بابک صاحب ډیر صحیح خبره وکړه، اته میاشتې تیرې شوې لا اے ډی پی باندې هغه شان کار نه دے شروع شوے، دې نه مخکښې اسمبلو کښې بار بار دا خبره به اوچتیده جناب سپیکر! چې یره کوم زمونږ Aligned departments دی، د هغوی دا فنډ چې دے، دا اخره پورې اوساتی او بیا اخری میاشت کښې د هغې Releases اخلی او هغه هغه شان بیا صحیح استعمالیږی نه، خو جناب سپیکر! چې اوس مونږ که اوګورو نو د دې پالیسئ په نتیجه کښې خو هم هغه کار کیږی لګیا دے ځکه چې خبره بیا هغې ته راغله چې اته میاشتې تیرې شوې، څلور میاشتې پاتې دی، په دیکښې په جون کښې Financial closing چې شروع شی نو هغې کښې، بل هغې کښې هم هغه شان کار نه کیږی نو دا به هم هغه صورتحال جوړیږی۔ جناب سپیکر! عجیبه خبره دا ده چې یو Duality راغله، یو طرف ته پکار دا وه چې که کرپشن باندې یا Transparency باندې فوکس وو نو پکار دا ده چې مونږ د خپل ډیپارټمنټس Capability او Capacity صحیح Enhance کړې هم وې او دا هم کوشش کړے وے چې هغې کښې هم صحیح لارې ته او صحیح Transparency د هغوی پکښې راوستې وے۔ دلته کښې دا وشو چې اووئیلې شو چې یره کوم Role چې د چیف انجینئر وو، کوم Role چې د ایس ای وو، کوم Role چې د ایکسیئن وو، کوم Role چې د ایس ډی او وو چې یره دا د بل چا ته حواله شی، بس دا به د دې مسئلې حل رااوباسی۔ اوس جناب سپیکر! که وګورو نو یو طرف دا څلور Aligned departments چې دی، هغې کښې په زرګاؤ کسان دی او د هغوی Experience هم شته، تنخواګانې هم هغوی اخلی، بل خوا ته اوس مونږ د هغوی د کار د پاره کنسلټنټس راوستل چې یره کوم کار چې هغه چیف انجینئر یا ایس ایز یا ایکسیئنز به کوی، هغه کار د کنسلټنټ ته حواله شی او بیا د هغې د پاره سات پرسنټ، آټھ پرسنټ، دس پرسنټ داسې د هغې دغه شوے دے۔ جناب سپیکر! دا خو Already زمونږ ډیر Meager resources دی، ډیر کم زمونږ دغه دے، کوم چې زمونږ ضرورت دے، کوم طریقې سره چې دلته کښې Massive development پکار دے، د هغې په دغه کښې خو مونږ سره د هغې مطابق Resources نشته او هغه لږ Resources کښې هم چې مونږ دا دغه شروع کړو

چې Dualization راشي او هغه پيسې ضائع کيدل شروع شي، بيا ورسره ورسره دا هم اوشو جناب سپيکر! چې سي ايس آر هم Revise کړے شو او مارکيټ ريټس اووئيلې شو، Already دا کومه اے ډي پي چې جوړ ده، که ديکښې يو سکيم دے د دس ملين سکيم چې هغه تاسو مارکيټ ريټ ته Convert کوئ نو کم از کم دا به پندره ملين يا بيس ملين ته د هغې کاسټ وی، نو Already هغه سکيم به پورا کيږی نه، مونږ به خپل هغه دغه هغه شان Achieve کولے هم نه شو، صرف On paper يو شے بس دلته کښې مونږ دغه کړو چې يره دومره بلين اے ډي پي مونږ اناؤنس کړه او وائی دې سره به ډير لويه ترقی راشی خو اصلی خبره دا ده چېOn ground به څه صورتحال وی، څه دغه به وی۔ بيا جناب سپيکر! په دې باندې هم سوچ نه دے شوے چې زمونږ دلته کښې چې کوم فنانشل رولز Apply کيږی، هغې کښېMain دغه د جی ايف آر ورته وائی چې هغه Apply کيږی۔ آيا دا کومه Present policy چې ده، آيا دا د جی ايف آر مطابق ده او که نه ده؟ ځکه چې زما د اطلاعاتو مطابق چې دے ، دا د جی ايف آر هم Against ديکښې شقونه شته، نو جناب سپيکر! دا مونږ کوم طرف ته دا شے بوځو او څه طرف ته دغه کوؤ د Annual Development Plan يو طرف ته هغه انفراسټرکچر چې کوم ضرورت وی د صوبې، هغه جوړول هم وی خو ورسره ورسره د دې يو بل، يو Secondary role چې دے ، هغه اکانومی کښې يو Stimulus پيدا کولو د پاره چې اکانومی روانه شی، دغه يو Role هم دے ، هغه Role هم چې اوسه پورې کار شروع نشو، په دې ځلور مياشتو کښې به څه دغه وی نو هغهRole هم د دې د وجې نه پاتې شو او Delay شو۔ بيا جناب سپيکر! اصل خبره بيا دا راځی چې څه به کيږی، اے ډي پي به Lapse کيږی۔ په وئيلو باندې خو په دې هيڅ اثر نشته خو جناب سپيکر! د دې ډير لوئې Implications دی، چې اے ډي پي Lapse شی، سبا به تاسو ته فيډرل ګورنمنټ دا وائی چې ستاسو دومرهCapacity نشته چې تاسو خپل فنډز اولګوئ، نو مونږ د ولې تاسو له فنډز درکړو؟ تاسو يو Justification هغوی له ورکوئ لګيا يئ چې هغوی سبا تاسو ته دغه اوکړی چې پی ايس ډي پي کښې ستاسو شيئر د کم کړے شی، Already مونږ ته د خپلې حصې نه کم شيئر په پی ايس ډي پي کښې ملاويږی خو چې دا تاسو دغه والا

ورکوئ، فاټا سره هم داسې کیږی، فاټا کښې هغوی اے ډی پی اناؤنس کړی، بیا ورته وائی چې یره چونکه تاسو سره Capacity نشته نو تاسو ته مونږ ریلیزز نه کوؤ، مونږ تاسو ته دغه نه کوؤ۔ جناب سپیکر! دا مونږ کوم طرف ته څیزونه بوتلل غواړو او مونږ څه کول غواړو؟ جناب سپیکر! پکار دا وه چې په دې باندې یو Consensus building شوے وے او یو پریکټیکل طریقه کار ویستلے شوے وے، که جذباتی فیصلو باندې په دې دغه باندې چې یره بس یو نوم د ځان له جوړ کړو یا بعضې خلق د لږ خوشحاله کړو، په هغې باندې روان یو نو دا د صوبې خدمت نه دے بلکه دا د صوبې منافی پالیسیز دی۔ جناب سپیکر! بابک صاحب صحیح طرف ته اشاره اوکړه چې که اوګورو نو دیکښې زیات تر کنسلټنټس د بهر نه راغلل او زیاته فائده د نورو صوبو خلقو ته اورسیده ځکه چې دلته کښې زمونږ صوبه کښې خو د تیر څو کالو نه دا کوم حالات چې جوړ دی، دلته خو هسې هم څوک کار نه کول غواړی او نه دغه کوی، هغه کوم لږ ډیر دی هم نو د هغوی هغه شان Capacity نه ده او دا کوم رولز او کوم طریقې سره چې هغې د پاره طریقه کار کتل شوے دے، لوکل کوم چې انجینئرز دی، لوکل چې کوم فرمز دی، هغوی ته هغه شان سپورټ نه دے ورکړے شوے۔ جناب سپیکر! چې مونږ د خپلو خلقو خیال اونه ساتو، مونږ د خپلې صوبې د انجینئرز، د خپلې صوبې د بزنس، د خپلې صوبې د فرمز مونږ خیال اونه ساتو نو که ستاسو دا خیال وی چې پنجاب والا به ئے ساتی، سندھ والا به ئے ساتی، بلوچستان والا به ئے ساتی جناب سپیکر! هغوی دومره اوزګار نه دی چې هغوی ستاسو د صوبې د خلقو خیال اوساتی۔ *(تالیاں)* جناب سپیکر! زه اوس هم دا وایم چې حکومت ته خپله غلطی منل پکار دی، که په یو دغه باندې یو غلطه پالیسی وی او که هغه سرے ایډمټ هم کړی خپل دغه نو دا څه دومره لوئے دغه نه دے، دا د صوبې مفادو د پاره که یو غلطی ایډمټ کول هم وی نو پکار ده چې ایډمټ د کړے شی جناب سپیکر۔ مونږ جناب سپیکر! که اوګورو ډیر وروستو پاتې شو، تاسو به تلی یئ، لاهور ته به تلی یئ، پنجاب به تاسو کتلے وی، سندھ ته به تاسو تلی یئ، هلته چې مونږ لاړشو، مونږ ته داسې ښکاری چې زمونږ دا صوبه چې ده، دا شل کاله او دیرش کاله وروستو پاتې شوه، جناب سپیکر! پکار دا ده

چې مونږ دې طرف ته توجه ورکړو چې دا صوبه په خپلو پښو باندې اودرووؤ او دې صوبې دا کومې مسئلې چې دی، دا کوم Backwardness چې دے، دې طرف ته مونږ توجه ورکړو، نه که مونږ خپل پالیسو په نتیجه کښې هغې کښې اضافه اوکړو۔ جناب سپیکر! زه اوس هم دا ګنړم چې پکار دا ده چې حکومت د خپله غلطی اومنی او دیکښې د پریکټیکل طرف ته، یو پریکټیکل سوچ طرف ته د راشی او دا دغه د اوشی نو څه دې کال والا خو چې څه اوشو هغې خو اوشو، هغه خو ټائم تاسو ته واپس نه ملاویږی خو چې آئنده د پاره کم از کم دا غلطئ Repeatنشی او هم دغه زمونږ د اپوزیشن خبره وه چې مونږ دا غوښتل دا پوائنټ، خبره دې وخت کښې تاسو ته پوائنټ آؤټ کړو چې سبا بیا تاسو دا اونه وایئ چې یره مونږ بجټ جوړولو او چا دا خبره هغه وخت کښې نه وه پوائنټ آؤټ کړې، مونږ مخکښې نه تاسو ته دا وارننګ درکوؤ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب سکندر حیات خان: چې دا دې وخت سره دا غلطی ټهیک کول پکار دی۔ شکریه۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مہربانی، مہربانی۔ جناب سلیم خان صاحب۔ اس کے بعد منور صاحب بات کرلیں گے۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سر، آپ کی کرسی کا بڑا احترام کرتے ہوئے کہ آپ اس ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں اور آپ کیلئے اس ہاؤس کے سارے ممبران یکساں ہیں، ایک تھوڑا سا گلہ میرا یہی ہے کہ اس اسمبلی کے اندر ایک پارٹی کی ہم نمائندگی کرتے ہیں، چاہے کم ہیں چاہے زیادہ ہیں مگر بعض دفعہ جو ایجنڈا ہمارے سامنے ڈسکشن کیلئے ہوتا ہے، سامنے رکھا ہوتا ہے مگر پیپلز پارٹی کو اس میں موقع نہیں دیا جاتا اور میری گزارش یہی ہے کہ آپ ساری پارٹیز کو یکساں اگر موقع دیں تو آپ کی مہربانی ہو گی۔ Secondly Sir, جو ایجنڈا ہمارے سامنے ہے، یہ کنسلٹنٹس کی تقرری کی جو بات ہے، اس میں سر! میں یہی کہوں گا کہ میرے خیال میں یہ بھی ایک تجربہ ہے، جس طرح ہمارا ملک ہمیشہ چھیاسٹھ سالوں میں انہی تجربات سے گزر کے آرہا ہے اور جو بھی کام ہم کرتے ہیں، وہ چار سال پانچ سال بعد پھر نئی حکومت آتی ہے، اچھا کام ہو یا کوئی برا کام ہو، پالیسی چینج ہوتی ہے، پھر وہ تجربہ ہوتا ہے، پھر نیا تجربہ سے شروع کیا جاتا ہے۔ تو یقیناً یہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ ایک تجربہ ہے گورنمنٹ کی طرف سے۔ جس طرح

بابک صاحب نے اور سکندر صاحب نے بات کی، بہت Valid points انہوں نے اٹھائے ہیں اور میں اتفاق کرتا ہوں ان کے ساتھ کہ سر! یہاں پہ ایک تو Good governance کی بات ہو رہی ہے،۔ ٹرانسپیرنسی کی بات ہو رہی ہے، Good governance یہی ہے کہ جو Available resources ہمارے پاس ہیں، جو Human resources ہمارے پاس ہیں، ان کو بہتر Utilize کرنے کی ہم کوشش کریں۔ ہمارے پاس Already ایک محکمہ ہے، اس میں اتنے سارے لوگ موجود ہیں اور اب ان سارے لوگوں کو چھوڑ کے پرائیویٹ لوگوں کو ہم Hire کر رہے ہیں اور ان کے اوپر ہمارا اعتماد نہیں ہے اور پرائیویٹ لوگوں کے اوپر ہمارا اعتماد ہے کہ کہیں اچھے کام کریں گے یا Transparent لوگ ہیں اور یہ کام صحیح کریں گے۔ اگر ہم یہی سمجھتے ہیں کہ پہلے وہ دو بندے ہوتے تھے، ایک ٹھیکیدار اور ایک ڈیپارٹمنٹ، ابھی تیسرا ایک بندہ آ کے بیچ میں وہ بھی حصہ دار بنا ہوا ہے اور Definitely ہم نہیں سمجھتے ہیں کہ جو سلسلہ چل رہا تھا ڈیپارٹمنٹس کا، اس میں ایک اور حصہ دار آ کے ابھی بیٹھا ہوا ہے کنسلٹنٹ کے نام سے اور باقاعدہ اس پہ تین پرسنٹ Consultancy کیلئے الگ رکھا گیا ہے کہ یہ کنسلٹنٹ کا ہے، وہ اپنی Consultancy کیلئے لے گا۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ جو Already سی ایس آر ریٹس اتنے High ہیں، اس کے اوپر مزید اب اس کو ہم بڑھا رہے ہیں۔ ایک کمرہ پچھلے دو سال تین سال پہلے ایک کلاس روم گیارہ بارہ لاکھ میں بن رہا تھا، وہ آج اکیس لاکھ میں بھی نہیں بن رہا اور اس طرح اگر ایک ہائی سکول ایک کالج ہم بنائیں گے تو وہ تو کروڑوں روپے میں اس کا بجٹ ہو گا اور کس طرح یہ غریب صوبہ جو ہے، اس کو Meet کرے گا؟ سر! کنسلٹنٹ کی جب ہم انفارمیشن لیتے ہیں تو ہمیں معلوم یہی ہوتا ہے کہ کنسلٹنٹ کے پاس جو لوگ ہیں جو ٹیکنیکل لوگ ہیں، یہ وہی لوگ ہیں کہ یا تو مختلف ڈیپارٹمنٹ سے ریٹائرڈ ہو کے ان کے پاس چلے جاتے ہیں یا وہی لوگ ہیں کہ سب سے پہلے کمیشن میں Apply کر کے گورنمنٹ (سروس) میں آنے کی کوشش کرتے ہیں جب چانس نہیں ملتا، پھر یا تو این جی اوز کے پاس چلے جاتے ہیں یا پھر یہ لوگ جا کر انہیں کنسلٹنٹس کے پاس جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ میرے خیال میں جو Competent لوگ ہمارے پاس ہیں، ان کی Capacity کو Build کرنے کی بجائے، ان کو بہتر گائیڈ کرنے کی بجائے ہم تیسرے بندے کو لا کر بٹھا رہے ہیں تو میرے خیال میں یہ ایک نیا تجربہ ہے اور جہاں تک ہم اس کو Feel کر رہے ہیں کہ یہ تجربہ بھی شاید اللہ نہ کرے کہ ایک ناکام تجربہ ہے اور یہی لوگ، جس طرح یہاں پہ بابک صاحب نے کہا کہ ہمارے صوبے میں جناب سپیکر صاحب! اتنی بے روزگاری ہے کہ

آپ اگر باہر جا کر سڑکوں پہ دیکھیں سارے گلکار مزدور لوگ جو ہیں، وہ سڑکوں میں بیٹھے ہوئے ہیں، دن کی دیہاڑی کے انتظار میں اور یہ جو کنسلٹنٹس آئیں گے، اس میں بتایا یہی گیا کہ یہ لوگ اٹھارہ میں گیارہ بندے جو ہیں، اس صوبے سے باہر ہیں اور وہ لوگ آئیں گے اور یہی صوبے کے Resources جو ہیں، وہ اس صوبے سے باہر لوگوں کی جگہوں میں جائیں گے اور یہی ہمارے اپنے لوگ جو ہیں، یہ بے روزگار ہو کر بیٹھے رہیں گے اور Already بہت سارے لوگ اس صوبے کے اندر جو بڑے بڑے کام کر چکے ہیں، جو کنٹریکٹرز ہیں، ان کے بڑے بڑے تجربات ہیں، وہ سارے لوگ آج کل یا اپنا سامان مشینری یہاں سے شفٹ کر کے کہیں اور جا رہے ہیں یا وہ یہی ہیں کہ بے روزگار بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے پاس ہزاروں کی تعداد میں جو Skilled labour ہے، مختلف Labourers ہیں، وہ سارے بے روزگار بیٹھے ہوئے ہیں۔ تو سر! میرے خیال میں اس سے جو بے روزگاری صوبے کے اندر ہے، اس کو ہم مزید بڑھا رہے ہیں کنسلٹنٹس لا کے، اور سر! تیسرا جو ہے، یہ اے ڈی پی جب بن رہی تھی تو ڈیویلپمنٹ بجٹ جو ہے، وہ تقریباً 83 ارب روپے کا یہاں پہ ڈیویلپمنٹ بجٹ پیش کیا گیا اور ہم بڑے خوش تھے کہ اس صوبے کا بجٹ ہے اور یہاں پہ یہ Utilize ہو گا اور لوگوں کو فائدہ ہو گا اور اسی میں سے بہت ساری روزگار کی Opportunities لوگوں کو ملیں گی مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ آٹھ مہینے گزر گئے، نو مہینے گزر گئے، اس 83 ارب روپے کی جو اے ڈی پی تھی، اس میں سے ایک اینٹ بھی کہیں نہیں رکھی گئی ہے، بہت افسوس کی بات ہے۔ سر! تیسرا جو ہے، اب کنسلٹنٹس کی جو بات ہے، اگر پہلے ڈیپارٹمنٹ سے کوئی غلطی ہوتی تھی، کوئی کرپشن کے کیسز رپورٹ ہوتے تھے تو ڈیپارٹمنٹ کا جو آفیسر ہے، انجینئر ہے، سب انجینئر ہے یا ایکسیئن ہے، سپرینٹنڈنگ انجینئر ہے، سارے ذمہ دار لوگ ہیں اور ان کیلئے باقاعدہ سزا اور جزا اس میں مقرر ہوتا تھا، اب یہ جو لوگ ہیں، پرائیویٹ لوگ ہیں، یہ آئے ہیں اور یہ کوئی غلط کام کریں گے، کوئی بلڈنگ تعمیر کریں گے، سال دو سال بعد اگر وہ گر گئی تو کنسلٹنٹ کو ڈھونڈنے ہم کدھر جائیں گے، وہ کدھر ہو گا؟ (تالیاں) کس کے پاس چلے جائیں اور ان کیلئے کیا سزا مقرر ہے؟ اور یہ خدشات آج ہمارے ذہنوں میں ہیں کہ یہی کنسلٹنٹس آئیں گے اور لوٹ مار کریں گے اور چلے جائیں گے، ان کا کوئی پوچھنے والا نہیں ہو گا، کوئی دبئی میں بیٹھا ہو گا، (تالیاں) کوئی جا کر عرب امارات میں اپنی Consultancy شروع کر چکا ہو گا، تو اس میں میرے خیال میں ہم ان کو وہاں سے پکڑ کر نہیں لا سکیں گے۔ تیسرا سر! یہاں پہ مختلف جو Backward areas ہیں، جو پسماندہ علاقے ہیں، جو

خاص کر Tough areas ہیں جس طرح میرا تعلق چترال سے ہے، جس طرح کوہستان ہے، جس طرح دیراپر ہے، جس طرح شانگلہ ہے اور یہاں پہ تورغر ہے، مختلف ایسے Backward areas ہیں، دور دراز علاقے ہیں اور Tough areas ہیں، وہاں پر سر! ابھی سے میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ یہی کنسلٹنٹس جو ہیں، وہاں پہ جانے کیلئے تیار نہیں ہیں، سر! میرے اپنے ضلع سے ایک ٹینڈر آیا ہوا تھا، سکولوں کی کنسٹرکشن تھی، دو دفعہ ٹینڈر لگایا گیا، کسی کنسلٹنٹ نے اس پہ دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ ابھی وہاں پہ کون جائے گا، شانگلہ کون جائے گا، کوہستان کون جائے گا، تورغر کون جائے گا؟ یہ لوگ جو ہیں، یہی جو پر کشش ضلعے ہیں، جیسے پشاور ہو گیا، چارسدہ، مردان، جو نزدیک علاقے ہیں، یہی پنجاب کے لوگ ہیں یہاں پہ آکے کام کریں، جو پسماندہ دور دراز علاقے ہیں، وہاں پہ نہیں جائیں گے، ان کو ہم زبردستی وہاں پہ نہیں لے جا سکتے اور وہاں کے جو کام ہیں، وہ کون کرے گا؟ یہ بہت سارے خدشات جو ہیں جی، ہمارے ذہنوں میں اور یہ پرابلمز ہیں اور ان شاءاللہ یہ سر! آپ کو بھی پتہ چل جائے گا آہستہ آہستہ کہ یہ جوان علاقوں میں جانے کیلئے ابھی تیار نہیں ہیں، تو سر! یہ سارے بہت سارے خدشات ہمارے ذہنوں میں ہیں تو اس لئے ہم کہہ رہے ہیں کہ جو حکومت کی پالیسی ہے، جو Decision ہے، Definitely حکومت نے بہتر سوچا ہوگا مگر یہ سارے خدشات جو ہیں، یہ ماضی میں ہیں، ان کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ تھینک یو ویری مچ سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر! اسی Topic پہ جناب سردار حسین بابک صاحب، جناب سکندر خان نے بھی بات کی، یقیناً سر! اس صوبے کا جو بجٹ پاس ہوا ہے جون میں اور ابھی تک اسی کنسلٹنٹ کی وجہ سے یہ ساری سکیمیں ابھی تک شروع نہیں ہو سکیں۔ سر! آپ کے نالج میں بھی یہی ہے کہ جب گورنمنٹ کی ڈیویلپمنٹ شروع ہوتی ہے تو بے روزگاری بھی ختم ہوتی ہے کیونکہ اسی ڈیویلپمنٹ سے ہمارے علاقے میں جس کا کاروبار، کسی کا سریے کا ہے، کسی کا سیمنٹ کا ہے، کسی کی بھٹیاں ہیں، بھٹے ہیں اور اس میں کام کرنے والے ان سب کی روزگار لگ جاتی ہے، اگر کوئی Individual اپنا کام کرتا ہے تو اس سے بے روزگاری ختم نہیں ہوتی، جو گورنمنٹ کی ڈیویلپمنٹ ہے، اس سے بے روزگاریاں ختم ہوتی ہیں سر، تو ان کنسلٹنٹس کی وجہ سے اس صوبے کا کافی ٹائم ضائع ہو گیا سر! اور جناب سپیکر! کنسلٹنٹ کا مطلب یہ ہے، بلکہ اس صوبے میں پہلے بھی کنسلٹنٹ لوگ موجود ہیں، گورنمنٹ ان کو Hire کرتی تھی لیکن کنسلٹنٹ کی ضرورت تب پڑتی ہے کہ جب کوئی بڑا پراجیکٹ ہو سر، کوئی این ایچ اے پراجیکٹ ہو،

کوئی ایف ایچ اے کا بڑا پراجیکٹ ہو تو اس میں ان کنسلٹنٹس کو Hire کرتی ہے لیکن یہاں پہ تو میرے خیال میں پرائمری سکول بھی، یا دو کلو میٹر روڈ بھی اگر آپ بناتے ہیں تو اس میں بھی ہم کنسلٹنٹ مقرر کرتے ہیں، تو یہ میری سمجھ میں نہیں آرہا (تالیاں) کہ گورنمنٹ کس طرف جا رہی ہے اور اگر اس کو یہ کنسلٹنٹس کے بارے میں پنجاب سے کوئی اس قسم کی بات آئی ہے کہ یہاں پہ صوبے میں Consultancy شروع کرے، تو پھر پنجاب گورنمنٹ یا باقی صوبے ہیں، وہ اس قسم کی پالیسیاں کیوں اپنے صوبے میں نہیں لاتے سر۔ جناب سپیکر! یقیناً ابھی وقت ضائع ہو گیا اور آج سر! مجھے ایک چٹ ملی ہے کہ جلوزئی میں کوئی ہاؤسنگ سکیم ہے، مثال کے طور پر 20 فروری کو ٹینڈر کو کھولا گیا، 25 فروری کو اس کی اناؤنسمنٹ ہو گئی، اخبارات میں اشتہار ایک قسم کا تھا اور ڈی او کی لاگت دوسری قسم کی تھی (تالیاں) تو یہ مجھے سمجھ نہیں آرہی ہے کہ یہ اور ٹھیکیدار بھی اس کے Confused ہیں اور کل اخبار میں، 'مشرق' اخبار میں اس کے بارے میں، شاید آپ کی نظر سے گزرا ہو، بیان بھی آیا ہے کہ اس میں کافی گھپلے ہو گئے ہیں سر! (تالیاں) اور دوسری بات یہ ہے کہ جناب سپیکر! یہاں پہ ہم جتنے بھی اپوزیشن والے اور گورنمنٹ کی طرف سے ہیں سر! میں یہاں پہ یہ بات اس لئے کرتا ہوں سر! کہ میرا اپنا تجربہ ہے، پچھلی گورنمنٹ میں پراجیکٹ کمیٹیاں ہوا کرتی تھیں سر! اور یہ میرا Personal experience ہے کہ وہ پراجیکٹ کمیٹیاں دو لاکھ کا کام جو ڈیپارٹمنٹ کرتا تھا، وہ پراجیکٹ کمیٹیاں ایک لاکھ پہ کرتی تھیں سر! (تالیاں) تو مجھے یہ بھی سمجھ نہیں آرہی کہ یار! یہ حکومت کا اپنے ایم پی ایز پہ بھی اعتماد نہیں ہے، کیا یہ سارے جو بیٹھے ہیں، یہ سارے کرپٹ لوگ بیٹھے ہیں؟ (تالیاں) اور جو دفتروں میں لوگ بیٹھے ہیں، وہ Honest ہیں؟ میں آپ کو سر! یہ On the Floor یہ بات کہتا ہوں کہ مثال کے طور پر سر، میں اپنے حلقے کا، مطلب یہ کہ پریشر پمپ ایک لاکھ پہ کرتا ہوں سر اور ڈیپارٹمنٹ وہی پریشر پمپ چار لاکھ پہ کرتا ہے سر، (تالیاں) تو آپ بتائیے کہ آپ کا ایک ایم پی اے اپنے حلقے میں جتنا کام ایک لاکھ پہ کرتا ہے اور ڈیپارٹمنٹ وہ کام چار لاکھ پہ کرتا ہے سر۔ اب اگر آپ نے کنسلٹنٹس مقرر کر دیئے سر، تو یہ تو سر ڈبل ہو گئے، کنسلٹنٹس بھی ہو گئے اور وہاں جو سی اینڈ ڈبلیو یا دوسرے محکموں میں بیٹھے ہیں سر، ان کا بھی، تو میرے خیال میں ایم پی ایز ویسے بدنام ہو گئے ہیں، فنڈ جتنا دفتروں میں کمیشن وغیرہ پہ چلتا ہے سر، بدنامی آخر کار پھر ایم پی ایز کی ہوتی ہے کہ اب ایم پی ایز نے اپنا فنڈ Misuse کیا ہے سر، تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ کنسلٹنٹس مقرر

کریں، یقیناً گورنمنٹ Consultancy میں جائے لیکن سر بڑے بڑے پراجیکٹس میں، اس قسم کے چھوٹے چھوٹے پراجیکٹس میں یہ اپنے ممبرز پر اعتماد کرے، میرے خیال میں جتنے بھی اپنے حلقے کے ممبران لوگ ہیں، وہ یہ چاہیں گے کہ میں حلقے میں اپنا کام صحیح طریقے سے کروں، اگر وہ اپنے حلقے میں اپنا کام صحیح نہیں کرے گا تو میرے خیال میں پھر جب بھی الیکشنز ہونگے، وہ یہاں پہ ان شاء اللہ ایم پی اے نہیں بیٹھا ہوگا۔ (تالیاں) تو چاہیئے سر کہ اپنے حلقے کے ممبران پہ اعتماد کریں اور میرے خیال میں کسی کو اس پہ اعتراض نہیں ہوگا۔ اگر آج میں یہ بات اناؤنس کروں کہ پراجیکٹ کیمٹیاں ہونی چاہیئں یا نہیں؟ میرے خیال میں سب کہیں گے کہ یس، میرے خیال میں حکومت کے ممبران بھی یہی کہیں گے اور یہ میرے خیال میں یہ Decide بھی ہونا چاہیئے سر، اگر ہم پہ پنجاب میں اس قسم کی پابندیاں لگتی ہیں تو میرے خیال میں یہ اس اسمبلی کے ساتھ اور ایم پی ایز کے ساتھ ایک اعتماد کی وہ ہے کہ ہم اپنے لوگوں پہ ہم اپنے ایم پی ایز پر اعتماد نہیں کرتے سر، تو میں یہ چیز بھی آپ کے نالج میں لانا چاہتا ہوں اور دوسری بات سر! جو کہ بڑی Important ہے، حکومت کی جو مشینری ہے، بیوروکریسی ہے سر، اگر آپ کو اپنے بیوروکریٹس پہ اعتماد نہیں ہے، ان کو آپ بار بار یہ چیلنج کرتے ہیں کہ میں آپ کو کان سے پکڑ کر یہاں سے باہر نکالونگا، آپ کوئی کرپشن نہیں کرینگے (تالیاں) تو میرے خیال میں کوئی بیوروکریٹ ایسا نہیں ہوگا کہ آپ کی جو مشینری ہے، آپ کا جو کام ہے، وہ صحیح طریقے سے چلے سر۔ اپنے بیوروکریٹس پر سر اعتماد کرو، یہی گورنمنٹ جو ہے، یہی ڈیویلپمنٹل کام جو ہیں، یہی بیوروکریٹس آپ کو صحیح کام دینگے اور پھر اگر صحیح کام نہیں دینگے تب اپنے بیوروکریٹس پر آپ ہاتھ ڈال سکتے ہیں سر۔ تو میرے خیال میں سر! یہ بڑی زیادتی ہوگی اس صوبے کے ساتھ کہ ہم اپنے بیوروکریٹس پہ اعتماد نہ کریں اور پنجاب میں بیٹھے لوگ ہم پر اپنی پالیسیاں مسلط کریں۔ تھینک یو، سر۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ جناب اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یقیناً آج جو مسئلہ ڈسکس ہو رہا ہے، یہ بڑا اہمیت کا حامل ہے۔ جناب سپیکر صاحب! حکومت نے بار بار چینج کے نعرے لگائے اور یہ بڑی اچھی چینج انہوں نے لائی ہے جو Consultants hire کئے ہیں۔ ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ انہیں کامیاب کرے۔ بہتر تو یہ تھا کہ یہ اپوزیشن کے 53 لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، اگر ان سے مشاورت ہو جاتی، ہم سب سے، تو ہم انہیں کوئی بہتر

چیلنج کی رائے دیتے۔ بہر حال میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو انہوں نے باہر سے لوگ لائے ہیں، پاکستان سے ہی لائے ہیں تو کیا اس صوبے کے اندر یہ لوگ ایماندار لوگ نہیں تھے؟ ان کی کمی تھی اور جو فرشتے انہوں نے لائے ہیں باہر سے جناب سپیکر صاحب! اگر انہوں نے ریزلٹ غلط دیا اور ان کی وجہ سے کوئی Mishap ہوا یا کرپشن ہوئی تو میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان سے کون جواب لے گا، وہ کس کو جواب دہ ہونگے؟ جناب سپیکر صاحب، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ پبلک ہیلتھ اور محکمہ ایری گیشن، یہ جتنے بھی محکمے ہیں یہ حکومت کے محکمے ہیں اور یہاں پہ ہر محکمے کے اوپر ایک منسٹر صاحب بیٹھا ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یقیناً کچھ لوگ ایسے ہونگے جو اعتماد کے قابل نہیں ہیں اور اگر حکومت ان لوگوں کو شفافیت میں سزا دیتی، ان کی کرپشن کو سامنے لاتی تو وہ بہتر تھا بجائے اس کے کہ ان کے اوپر ایک کنسلٹنٹ کو بیٹھا دیا گیا اور جناب سپیکر صاحب! محکمے کے اندر بہت سارے ذمہ دار لوگ، ایکسیئن ذمہ دار ہے، چیف انجینئر ہے، ڈپٹی سیکرٹریز ہیں، سیکرٹری صاحب ہیں ان کے اوپر، اور ان کے اوپر ایک منسٹر بیٹھا ہوا ہے تو وہ ایک دوسرے کو جواب دہ ہیں اور اگر شفافیت محکموں کے اندر لائی جاتی تو میرے خیال کے مطابق محکموں کو آرگنائز کیا جاتا اور حکومت ان کے اوپر اعتماد کرتی۔ بہر حال جناب سپیکر صاحب! اس چیلنج سے جو فائدہ پہنچا ہے اس صوبے کو، اس صوبے کو جو جناب سپیکر صاحب! فائدہ پہنچا ہے، نو مہینے ہونے کو ہیں، چوتھا کوارٹر شروع ہے اے ڈی پی کا، ابھی تک کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں کر سکی حکومت، تو میں جناب سپیکر صاحب! حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو اے ڈی پی کا اربوں روپے کا فنڈ Lapse ہونے کا خطرہ ہے، اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ اگر یہ ترقیاتی سکیمیں لیٹ نہ ہوتیں، ساتھ ساتھ بیشک کنسلٹنٹس کا تجربہ آپ کر لیتے اور یہ سکیمیں چلتی رہتیں تو آج کم از کم ان کے اوپر کام شروع ہو جاتا ان سکیموں کے اوپر اور یہ اگر ایک ارب روپے کا سپیکر صاحب! پراجیکٹ ہوگا تو سات کروڑ روپیہ یا آٹھ کروڑ روپیہ اس میں سے کنسلٹنٹ کا کمیشن بن جائے گا، تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑی اس صوبے کے عوام کے ساتھ یہ زیادتی کی گئی ہے اور جناب سپیکر صاحب! اگر دیکھا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جتنے ریگولر محکمے اس صوبے کے اندر رہیں، وہ بڑے قابل اعتماد ادارے ہیں اور یہ کوئی تعین نہیں کیا گیا ہے، یہ حکومت ہمیں بتائے کہ کس حد سے اوپر کنسلٹنٹس کی نگرانی میں کام ہوگا، تین کروڑ روپے سے اوپر، پانچ کروڑ روپے سے اوپر یا لاکھ روپے کی سکیموں میں بھی کنسلٹنٹس کو Involve کیا جائے گا؟ تو جناب سپیکر صاحب! حکومت ہر ایک کام اپنی مرضی سے کرتی ہے جس سے میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کو کروڑوں روپے کے نقصان پہنچنے کا

خطرہ ہے۔ تو بیشک تجربہ کر لیں منسٹر صاحبان بھی اور حکومت بھی، ہم تو کہتے ہیں کہ اللہ کرے کہ اس کرپشن کو ختم کیا جائے لیکن جناب سپیکر صاحب! نوے دن کے اندر کرپشن ختم کرنے کا اعلان ہوا تھا اس ہاؤس کے اندر، آج تک میں نے نہیں سنا کہ کسی کرپٹ آدمی کو ہتھکڑی لگی ہو یا۔۔۔۔

ایک رکن: اب کرپشن نہیں ہوتی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کس طرح کرپشن ہوتی؟ جناب سپیکر صاحب! کس طرح کرپشن ہوتی؟ آج تک یہ ڈیویلپمنٹل کام شروع ہی نہیں کرا سکے ہیں، جب شروع ہونگے تو تب پتہ چلے گا کہ کرپشن ہو رہی ہے یا نہیں ہو رہی ہے (تالیاں) اور ابھی تک تو آپ نے ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا ہے، جب سکیمیں چلیں گی تو پھر پتہ چلے گا کہ کنسلٹنٹس کیا آپ کو وہ ریزلٹ دیتے ہیں یا محکمے کیا ریزلٹ دیتے ہیں؟ بہر حال جو آپ نے محکموں کے اوپر بداعتمادی کا اظہار کیا ہے، ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور ابھی تک آپ نے محکمے کے کسی آفیسر اور کسی ذمہ دار کو کرپشن کے الزام میں گرفتار نہیں کیا ہے، نہ اس کو Suspend کیا ہے، نہ آپ نے اس کو Dismiss کیا ہے تو پھر اوپر سے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو آپ نے پاکستان سے لوگ لگائے ہیں، یہ کوئی فرشتے نہیں ہیں جناب! اور ہم دیکھ لیں گے ان فرشتوں کی کارکردگی بھی، اگر آپ نے اس میں کچھ بہتری لائی تو ہم آپ کو خراج تحسین پیش کرینگے، ہم آپ کو مبارکباد پیش کرینگے لیکن جو یہ اتنا بڑا نقصان صوبے کا ہوا ہے، 84 ارب روپیہ جو Lapse ہونے کا خطرہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اور جو کروڑوں روپے میرے خیال میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ آپ اورنگزیب نلوٹھا صاحب! چیئر کو Kindly ایڈریس کریں، جو طریقہ ہے، آپ ڈائریکٹ چیئر کو ایڈریس کریں، ہاں ٹھیک ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: صوبے کا پچیس کروڑ روپیہ جو میری معلومات کے مطابق کنسلٹنٹس کو دیا جائے گا تو یہ صوبے کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے۔

جناب سپیکر: آپ کی بہت مہربانی، آپ کی بہت مہربانی، تھینک یو جی۔ اچھا سردار صاحب ایک بات کرنا چاہتا ہے اس کے بعد، سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب! ستاسو د موقع را کولو۔ سپیکر صاحب! ستاسو نوټس کښې راولم چې پرون دلته زمونږ فی میل ایم پی ایز چې څومره وو، هغوی سپیکر صاحب! واک آؤټ کړے وو او بیا دلته هال کښې لږه بدنظمی پیدا شوې وه۔ سپیکر صاحب! دا هم ستاسو نوټس کښې راولم چې بیا نن یوه بجه منسټر انفارمیشن وو، بیا ټول فی میل زمونږ، زه هم ووم، شاه حسین صاحب وو، مونږ هلته میټنګ اوکړو او بیا د دوئ چې کوم ایشوز وو، هغه منسټر صاحب ته ما هم ریکویسټ اوکړو چې دا څومره ایشوز دی زمونږ د دې کولیګز، هغه اووئیل، ایشورنس ئے ورکړو چې دا به زه سی ایم صاحب سره په دې باندې ډیره سنجیده خبره اوکړم او چې څومره حده پورې کیدے شی، ایشورنس ئے ورکړو۔ سپیکر صاحب! زه بل ریکویسټ دا کوم چې پرون دلته که لږ داسې وه چې غیر پارلیمانی الفاظ استعمال شوی وو نو زه به دا هم ریکویسټ اوکړم چې که هغه د کارروائی نه حذف شی، Expunge شی نو ډیره زیاته مهربانی به وی، سپیکر صاحب۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جو غیر پارلیمانی الفاظ ہیں، اس کو حذف کرتے ہیں۔ اچھا نماز کا ابھی ٹائم ہے، میرا خیال ہے بریک کے بعد جو ہے نا، ساڑھے سات وہ کرلینگے نماز کے بعد۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔ میں جناب سراج الحق صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کہ وہ 'وائنڈاپ' سپیچ کرلیں۔ میں معذرت کرتا ہوں، ابھی ہال میں بہت تھوڑے لوگ ہیں لیکن بہرحال۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: سر! ان کو تھوڑا سا موقع اور دیدیں، خیر ہے۔

جناب سپیکر: اچھا پھر میں اس طرح کرتا ہوں، ایک منٹ، ایک منٹ، (شور) آپ تھوڑا حوصلہ کریں، میں بات کرتا ہوں۔ اس طرح ہے کہ ایک دو اور کو چانس دونگا کیونکہ بہت کافی، میں نے میڈم سے بھی ریکویسٹ کی، پرسوں ریکویسٹ کی میں نے کہ آپ تھوڑا Withdraw کرلیں، اس نے

مہربانی کی ہے۔ میں صرف نوابزادہ صاحب! آپ کو ایک دومنٹ، تاکہ حاضری بھی برابر ہوجائے، اس کے بعد میں آپ کو موقع دونگا۔

نوابزادہ ولی محمد خان: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بس مختصر بات کرلیں۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب! ډیره مهربانی، تاسو په دې ډیبیټ کښې مونږ ته حصه را کړله، زه خو به د کنسلټنټ متعلق دا اووایم چې زمونږ سکندر صاحب هم خبرې اوکړلې، بابک صاحب هم اوکړلې، سلیم صاحب هم اوکړلې خو Actually جی دا کنسلټنټس چې کوم دی، د دوئ چې کوم پروګرام دے یا کوم کارونه چې د دوئ متعلق کیږی، اصل کښې زمونږ دا ډیپارټمنټ ورکس اینډ سروسز ډیپارټمنټ چې کوم دے، په دیکښې ډیر ښه تجربه کار ایکسیئنز، اوور سیئران، ایس ډی اوګان او د دوئ خپل یو ډرائنګ برانچ دے دننه، سروے والا دوئ سره هم شته، پوره ډیپارټمنټ دے دا۔ کنسلټنټ والا چې کوم کار په چالیس لاکه روپئ باندې کوی، زمونږ ورکس اینډ سروسز ډیپارټمنټ دغه کار په تیس لاکه روپئ باندې کوی او کارونه دوئ په دې حقله باندې لیټ کړی۔ زه تاسو ته په پختونخوا کښې د یو څو ډسټرکټو نشاندهی کوم جناب سپیکر صاحب! او دې باندې تاسو غور اوکړئ چې یره د دې څه حساب دے؟ دا بټګرام ډسټرکټ، مانسهره ډسټرکټ، کوهستان او تورغر د کنسلټنټس د لاسه، په 2005 کښې چې په کومه زلزله کښې کوم بلډنګز دی یا څه شے دے، تاسو اوسه پورې اوګورئ چې په دې اته کالو کښې هغه کمپلیټ نکړل او څومره پیسې په دې باندې جی خرچ شوې دی، څومره دوئ د خاورې نه، داسې بلونه دوئ جوړ کړی دی چې د هغې نه ئے ګټه جوړه کړې ده خو زه هم دا وایم چې کوم زمونږ دا ډیپارټمنټ دے، هغه د دوئ نه هزار درجې بهتر دے۔ که تاسو د دغه شی موازنه اوکړئ او دا ډسټرکټس ستاسو په مخکښې دی، په دې باندې تاسو سروے اوکړئ چې آیا د کنسلټنټ والا کار چې کوم دے، دا په کومه طریقه دے؟ جناب سپیکر صاحب، یو خو دوئ سره سټاف نشته، ټهیکیدران چې کوم دی، یو یو میاشت په دوه دوه میاشتو هغوی انتظار کوی، د هغوی کنکریټ نه کیږی، تارکول د هغوی نه کیږی، نور داسې مسائل چې کوم دی، هغه ډیر دی نو څومره چې کارونه دی، دا

ډیر زیات لیټ کیږی او که په دې باندې د دغه ډیپارټمنټ ته کنسلټنټ والو ته بیس پرسنټ ورکوی یا چالیس پرسنټ ورکوی، دغه پیسې د دوئ ډیپارټمنټ کښې خپل دننه د دوئ برانچ دے، که دوئ وائی چې مونږ کرپشن ختموؤ نو دغه پیسې د بیس په ځائې باندې د دس پرسنټ دغه ډیپارټمنټ والو ته ورکړی، ان شاء اللہ تعالیٰ د کنسلټنټ نه به دوئ بهتر کار کوی۔ کوم ډیزائن دے یا کوم دغه دی، هغه ټول به ان شاء اللہ تعالیٰ دا ډیپارټمنټ حل کوی، دا کنسلټنټس چې کوم دے، دا دې ملک د پاره، دې صوبې د پاره نقصان ده دی۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

نوابزادہ ولی محمد خان: زمونږ دا پختونخوا چې ده، دا خو ما ته دا سې ښکاری جی چې یو لیبارټری ده، که په بلدیات کښې ده نو دیکښې بیا مونږ ته وائی چې یره دا نوے دغه راولو، کوم کنسلټنټس دی هغه وریسې مونږ نوی راوستل۔ دغسې په هیلتھ کښې، په هر ډیپارټمنټ کښې دا نوې نوې تجربې دی، خدائے د پاره د دې نه د بس کړی چې کوم دا صوبه ده، په کومو حالات کښې ده، د کرپشن یا دغه د خاتمه د اوکړی چې دا ډیپارټمنټ سره لږه سختی هم راشی، هر څه راشی نو دا صوبه چې کومه ده زمونږ، دا به ډیره ښه شی۔

جناب سپیکر: جناب ریاض صاحب۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ جناب! آپ کی اے ڈی پی آج تک سولہ فیصد Utilize ہو چکی ہے، آپ نے دوسو کلومیٹر روڈز اسی اے ڈی پی میں رکھے ہیں، ابھی تک ایک فرلانگ، اس پر کوئی Correspondence ہی نہیں ہوا ہے، اس وجہ سے کہ کنسلٹنٹس یہاں ہیں نہیں اپنے، اگر باہر سے Hire کیا جائے، وہ لوگ آتے نہیں ہیں، یہ فرشتے نہیں ہیں، یہ بھی ہمارے انہی لوگوں جیسے انسان ہیں۔ یہ Consultancy کی وجہ سے سارے کام رک گئے ہیں اور ان کنسلٹنٹس کے پاس ڈپلومہ ہولڈر لوگ ہیں اور آپ کے اپنے محکمے کے انجینئرز ہیں، ان کی اے سی آرز ہیں آپ کے پاس، میں ایک Sample بتاتا ہوں، جائیکا پروگرام میں ایک آر ای تھا جو پچاس لاکھ لیتا تھا اور دو کروڑ بل دیتا تھا، یہ ریکارڈ پر ہے، کسی نے اس کا کیا بگاڑ دیا؟ ان کنسلٹنٹ کی صرف دس فیصد آپ کے پاس سیکورٹی ہوتی ہے، مثال ایک ارب کا پراجیکٹ ہے اور وہ آٹھ پرسنٹ پر 'سپرویژن' یا ڈیزائن کرتا ہے تو آپ کے پاس آٹھ لاکھ روپے انکے ہیں، اسی لاکھ، یہ اسی لاکھ روپے سے کیا بنے گا؟ اربوں روپے کا وہ پراجیکٹ، جس طرح یہ جائیکا میں ہوا،

اس طرح کھیل اور بھی کھیلا جارہا ہے، ہماری درخواست ہے کہ جو پہلا طریقہ کار تھا، اس کو جاری رکھا جائے۔ ہم نے سنا ہے اور اخبارات میں بھی یہ آیا ہے کہ عمران خان کے والد صاحب کنسلٹنٹ تھے، بری بات نہیں ہے، ہر ایک مزدوری کرتا ہے، یہ پھر اس کی وجہ سے یہ پلان ہم پر حاوی کیا جارہا ہے، اور صوبوں میں تو ایسا نہیں ہے کیونکہ کنسلٹنٹ کے پاس انجینئرز نہیں ہوتے ہیں، سارے ڈپلومہ ہولڈر پر کام کرتے ہیں اور اس سے معیار اچھا نہیں ہورہا ہے، خراب ہورہا ہے اور کام رک رہا ہے۔ پلیز ہماری ریکویسٹ ہے کہ جو پرانا طریقہ کار ہے، اس کو جاری کیا جائے یا اس پر ووٹنگ کی جائے کہ یہ ایوان کیا چاہتا ہے تاکہ وہی پرانا طریقہ جاری ہو اور ہمارا صوبہ ترقی پر چل پڑے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو جی۔ جناب سراج الحق صاحب۔ جی، عنایت خان بات کرلیں، اس کے بعد دیکھ لیتے ہیں۔

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو سر، آپ نے مجھے موقع دیا۔ ویسے جتنی بھی اپوزیشن کی طرف سے تقریریں ہوئی ہیں، سردار حسین بابک صاحب نے تقریر کی ہے موضوع کے اوپر، سکندر خان شیر پاؤ صاحب نے تقریر کی ہے، سلیم خان صاحب پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں اور انہوں نے تقریر کی ہے، منور خان صاحب جے یو آئی کے اور نگزیب نلوٹھا صاحب مسلم لیگ نون اور نوابزادہ صاحب نے بھی تقریر کی ہے، ریاض خان صاحب نے بھی کنسلٹنٹ کے موضوع پر بات کی ہے اور میرے خیال میں تھوڑے بہت اختلاف کے ساتھ سب کی تقریباً ایک ہی رائے تھی اور انکے Arguments کا فوکس بھی ایک ہی چیز پر تھا۔ سر، اس وقت اس ملک کے اندر صورتحال یہ ہے کہ ایک اندازے کے مطابق اس ملک کا جتنا بجٹ ہے، پورے پاکستان کا جتنا بجٹ ہے، اتنا ہی Loss، یعنی Inefficiency, leakage, corruption اور ٹیکس چوری، یعنی ان چار مدات کو ملا کر جو اس ملک کو Loss ہوتا ہے، وہ اس پورے ملک کے بجٹ کے برابر ہے اور انکی تقریروں میں بھی بات سنی گئی کہ پی ٹی آئی کی حکومت کو تبدیلی کیلئے ووٹ دیا گیا تھا اور کرپشن سے سوسائٹی کو پاک کرنا اور کمیشن کو ختم کرنا، یہ ایک ایسا Slogan تھا جس کے اوپر لوگوں نے ان کو ووٹ دیا تھا اور جماعت اسلامی نے بھی اس مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے پی ٹی آئی کا ساتھ دیا اور میں سمجھتا ہوں اس مینڈیٹ کا احترام کرنا چاہیے، ان کو پانچ سال دینے چاہئیں تاکہ یہ اپنی پالیسیاں آزمائیں لوگوں کے اندر اور اگر لوگ اس سے مطمئن نہ ہوں، یہ کرپشن کو ختم نہ کرسکے تو لوگ Accountability کیلئے، یہی ڈیموکریسی کے اندر Accountability

پولیٹیکل لیڈر شپ کی، الیکٹڈ لوگوں کی، وہ لوگ کرتے ہیں، عوام کرتے ہیں، ووٹرز کرتے ہیں۔ کنسلٹنٹس کے حوالے سے بات کی جارہی ہے کہ کنسلٹنٹس سے پراجیکٹس Delay ہونگے، یہ خزانے کے اوپر بوجھ ہوگا، یہ کمیشن کو Legalize کیا جارہا ہے۔ سر، کمیشن کو Legalize نہیں کیا جارہا ہے، کنسلٹنٹ کو جو پیسے دیئے جارہے ہیں، وہ کنسلٹنٹ کے ساتھ Overall معاہدہ ہوتا ہے، اس میں اس کے پیسے موجود ہوتے ہیں، اس وقت جو پیسے کمیشن میں لے جارہے ہیں، وہ پیسے پراجیکٹ کے اندر Reflected نہیں ہوتے ہیں، وہ اس پراجیکٹ سے لیے جاتے ہیں، اس پراجیکٹ سے لیے جاتے ہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ڈیفنس ہے، یہ بنیادی ڈیفنس ہے کہ ایک کنسلٹنٹ کو جب آپ پیسے دیتے ہیں، وہ Implementation کیلئے، ڈیزائننگ کیلئے، فیزیبلٹی کیلئے، 'سپرویژن' کیلئے دیتے ہیں اور میں خود Elected Representative رہا ہوں، میں 2002-2007 تک صوبائی کابینہ کا حصہ رہا، میں نے As Elected Representative خود اپنے حلقے کے اندر سکیمیں دیکھی ہیں تو میں آپ کو اپنے حلقے کی ایک سکیم کی مثال دے رہا ہوں، میرے حلقے کے اندر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے اندر ایک سکیم Reflect ہوئی، میں نے خود اس وقت کے جو Outgoing ہمارے چیف منسٹر صاحب تھے، ان سے ریکویسٹ کی تھی، ایک کروڑ بیس لاکھ روپے میں وہ سکیم Reflect ہوئی اور Competitive rates نہیں تھے، یعنی مارکیٹ ریٹس نہیں تھے، Competitive rates نہیں تھے، کنٹریکٹر نے وہ سکیم لے لی اور پھر اس سے وہ بھاگ گئے اور بھاگنے کے بعد وہ سکیم پھر ہر اے ڈی پی میں دوبارہ Repeat ہوتی رہی، دوبارہ ٹینڈر ہوتی رہی اور جو Outgoing government، پاکستان پیپلز پارٹی اور اے این پی کی کولیشن گورنمنٹ تھی، اس میں کہیں جاکر وہ سکیم کمپلیٹ ہوئی اور ایک کروڑ بیس لاکھ سے لیکر دس بارہ کروڑ تک، اس کی دو وجوہات ہیں سر، کیونکہ یہ سکیم جب دی گئی تھی تو یہ سکیم کسی تیاری کسی، ڈیزائننگ، کسی فیزیبلٹی کے بغیر دی گئی تھی، اس کیلئے ایسی Proper تیاری نہیں ہوئی تھی، یہ ہمارے ہاں یہی سسٹم ہے، یہی پلاننگ کا طریقہ ہے اور اس میں یہ جو بات کی گئی کہ سی ایس آر، سکندر شیر پاؤ صاحب نے کہا کہ ریٹس کو Revise کیا گیا ہے اور مارکیٹ ریٹس دیئے جارہے ہیں، یہ تو اسی وجہ سے دیئے جارہے ہیں کہ آپ مارکیٹ ریٹس دینگے تو اس پر آپ کو اچھے فرمز آئیں گے، اچھے کنٹریکٹرز آئیں گے اور وہ In time اس پراجیکٹ کو کمپلیٹ کرینگے، تو نتیجتاً Escalation کے نتیجے میں جو آپ کی تباہی ہورہی ہے، اس تباہی سے آپ بچیں گے۔ اس کی ہزار مثالیں ہیں، میں نے آپ کو ایک مثال دی ہے کہ ایک کروڑ بیس لاکھ

روپے کی سکیم آپ کو دس بارہ کروڑ میں پہنچ گئی۔ سر، یہ کنسلٹنٹ کا جو پروسیجر ہے، یہ کوئی نیا نہیں ہے، یہ اس ملک کے اندر بھی موجود تھا، یہ ساری حکومتوں کے اندر بھی موجود تھا، بڑے پراجیکٹس کے اندر آپ کنسلٹنٹس Hire کرتے رہے ہیں، یہ پورے دنیا کے اندر سٹنڈرڈ پروسیجر ہے، دنیا کے اندر تو قوانین لکھنے کیلئے بھی کنسلٹنٹس Hire کئے جاتے ہیں، Developed Countries ہیں، ترقی یافتہ ممالک ہیں، ان میں تو قوانین لکھنے کیلئے بھی کنسلٹنٹس Hire کئے جاتے ہیں، چھوٹے چھوٹے کاموں کیلئے کنسلٹنٹس Hire کئے جاتے ہیں، اس لئے دنیا کے اندر، یہ جو دوبئی آپ دیکھتے ہیں کہ بہت بڑی اس نے ترقی کی ہے، یہ سارے وہ خود نہیں کرتے ہیں، جو عرب کے Rulers ہیں، وہ خود نہیں کرتے ہیں، وہ کنسلٹنٹس Hire کرتے ہیں وہ ڈیزائننگ کیلئے، وہ فیزیبلٹی تیار کرتے ہیں، Technically چیزوں کو Assist کرتے ہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ کنسلٹنٹس آپ کے پراجیکٹس کو بروقت کمپلیٹ کرنے، ڈیزائننگ، فیزیبلٹی، مانیٹرنگ اینڈ سپرویژن، یہ سارا کام کرنے میں آپ کے ممد و معاون ثابت ہونگے۔ ہماری بدقسمتی سر! یہ ہے کہ ہمارے اس ملک کے اندر حکومت بہت سے کام کرتی ہے اور حقیقت میں کچھ بھی پھر ہم نہیں کرتے ہیں، حکومتیں ریگولیشنز بھی کرتی ہیں، حکومتیں فنانس بھی کرتی ہیں، حکومتیں Execute بھی کرتی ہیں، حکومتیں پالیسیاں بھی دیتی ہیں، حقیقت میں اس دنیا کے اندر، اس وقت جو Developed Countries کے اندر حکومتوں کا کام ہے، وہ پالیسیاں دیتی ہیں، وہ Execute کرنا نہیں ہے، Implement کرنا نہیں ہے، حکومتیں Implement نہیں کرتی ہیں، وہ اس کو مانیٹر کرتی ہیں لیکن ہمارے ملک کے اندر بدقسمتی سے یہ سب کام ہم کر رہے ہیں اور نتیجتاً ہم کچھ بھی نہیں کر رہے ہیں، ہمارے فنڈز ضائع ہو رہے ہیں، اس لئے یہ طریقہ کار Introduce کیا گیا ہے اور اس کے اچھے نتائج آئیں گے ان شاءاللہ، اس کو لوگ دیکھیں گے کہ اس کے اچھے نتائج نکلیں گے، اس کے نتیجے میں آپ کی سکیمیں جلدی کمپلیٹ ہونگی، اسکی کوالٹی، سب سے بڑی ہماری مشکل اور ہمارا مسئلہ کوالٹی ہے، ہمارے سکولز بنتے ہیں اور تین چار سال کے بعد وہ گر جاتے ہیں، ہمارے کالجز بنتے ہیں اور تین چار سال کے بعد اس کی حالت بری ہوتی ہے، اس کیلئے آپ مزید پیسے Rehabilitate کرنے کیلئے اور Reconstruction کیلئے آپ پیسے لگاتے ہیں، اس پراسیس، اس چکر سے آپ نکلیں گے، یعنی اگر آپ Proper طریقے سے Quality maintain کرینگے، ایک بلڈنگ بناتے ہیں تو وہ آپ کی پچاس ساٹھ سال اور Hundred سال تک چلے گی، اس پوری سائیکل سے آپ نکلیں گے، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ

کنسلٹنٹ کا جو آئیڈیا ہے، Innovative Idea ہے، Developed countries کے اندر چل رہا ہے اور یہ ڈیپارٹمنٹس کے اوپر عدم اعتماد نہیں ہے، بلکہ ڈیپارٹمنٹس کو Assist کرنا ہے، ڈیپارٹمنٹس کی معاونت ہے ایک لحاظ سے کہ مانیٹرنگ، ڈیزائننگ، فیزیبلٹی، سپرویژن، یہ سب اس پورے پراسیس کے اندر وہ کنسلٹنٹس ان کا ساتھ دینگے۔ یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ کنسلٹنٹس سارے پنجاب سے میجارٹی میں آئے ہیں، ویسے فگرز جو انہوں نے شیئر کئے ہیں، اس میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ یہ سارے وہاں سے نہیں آئے ہیں لیکن اس کے باوجود یہ بات میرے خیال میں Appreciate کرنے کی ہے کہ یہ Competition ہوا ہے، ان کو کسی نے Pick & choose کرکے اپنے صوبے سے نہیں لیا ہے، یہ Competition ہوا ہے، And through a fair competition لوگ آئے ہیں، پنجاب والے اس ملک سے باہر لوگ نہیں ہیں، وہ ہمارے اس ملک کے لوگ ہیں، ان کی فرمز اگر زیادہ ڈیویلپ ہیں، وہ ان کی فرمز کی اگر کوالٹی زیادہ بہتر ہے اور آپ نے کوالٹی پر اعتماد کرکے ان کو Hire کیا ہے تو ایک اچھا کام کیا ہے، میرے خیال میں اس کو Encourage کرنا چاہیے اور اس کے نتیجے میں جو Competition create ہوگا، ہماری اپنی کنسلٹنسی فرمز بھی اس Competition کیلئے تیاری کریں گی اور یہ جو سلسلہ چلے گا، اس کے نتیجے میں ہمارے ہاں بھی اچھی فرمز ڈیویلپ ہونگیں۔ سر، اس وقت اس بات کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ اے ڈی پی Lapse ہورہی ہے اور پیسے Lapse ہونگے اور اس کا بہت بڑا نقصان ہوگا اور فیڈرل گورنمنٹ، جو پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ اس کا پروگرام ہے، اس میں پیسے کم دے گی کہ اب تو خرچ نہیں سکتے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ کچھ تفصیلات شیئر کردیتا ہوں کہ ابھی تک Utilization کیا ہے، اس وقت تک سر! دو سیکٹرز کی میں آپ کے ساتھ شیئر کردیتا ہوں۔ دو بڑے سیکٹرز ہیں جس میں ہم سب Interested ہوتے ہیں، ایک روڈ ہیں، روڈز کے اندر جو ایلوکیشن ہوئی ہے، وہ بارہ بلین ایلوکیشن ہوئی ہے، اس وقت تک 48% Utilization، 12 دسمبر تک، یہ جو دسمبر کا مہینہ ہے، یہ اسکے فگرز ہیں، اس کے بعد جائزہ نہیں لیا گیا ہے، حکومت کا اپنا ایک پروسیجر ہوتا ہے، اس کے تحت حکومت جائزہ لیتی ہے، 48% Utilization ہے اور جو بلڈنگز سیکٹر ہے، اس میں 1.2 بلین کے اندر کوئی 22 فیصد تک Utilization ہے، یہ دسمبر تک کے فگرز ہیں۔ ظاہر ہے اب مارچ ہے اور اس کے بعد دوبارہ حکومت جائزہ لے گی اور اس میں نئے فگرز آئیں گے جس میں Improvement ہوگئی ہوگی۔ ان کنسلٹنٹس سے تھوڑی بہت Delay ضرور آئی ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کنسلٹنٹس کے نتیجے میں

فنڈز Lapse ہونگے، کوئی فنڈز lapse نہیں ہونگے، وہ اپنے وقت پر خرچ ہونگے اور صحیح طریقے پر خرچ ہونگے۔ سر! ایک Confusion ہے، میں اس کو ذرا دور کرتا چلوں۔ نلوٹھا صاحب نے شاید کہا، ایم پی ایز کے فنڈز کے حوالے سے کہا، ایم پی ایز کے فنڈز، لوکل گورنمنٹ کے فنڈز یہ کنسلٹنٹس سے مستثنیٰ ہیں، یہ جو لوکل گورنمنٹ کے ڈیپارٹمنٹ کے Through جو ایم پی ایز کو فنڈز ملتے ہیں اور ہمارے جو فنڈز ہوتے ہیں، یہ چھوٹی چھوٹی سکیموں کیلئے ہوتے ہیں، وہ فنڈز کنسلٹنٹس سے مستثنیٰ ہیں۔ یہ بڑے پراجیکٹس جو لوکل گورنمنٹ کے اندر ہیں، اے ڈی پی کے اندر ہیں یا ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کے اندر ہیں، کنسلٹنٹس اس میں Hire ہونگے اور جہاں تک پراجیکٹ کمیٹیوں کی بات ہے تو اس پر دونوں طرف رائے موجود ہے، ہمارے ہاں بھی یہ ایک رائے موجود ہے کہ پراجیکٹ کمیٹیوں کا کام اگر اچھے طریقے سے ہوتا ہے تو اس میں زیادہ امکانات ہیں لیکن گزشتہ کئی سالوں سے یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ پراجیکٹ کمیٹیز کے فنڈز غائب ہو جاتے ہیں اور ان سے پوچھا نہیں جاتا ہے ان لوگوں سے، اور وہ زمین پر بالکل نہیں ہوتے ہیں، یہ دیکھا گیا ہے، اس لئے دونوں طرف دلائل موجود ہیں۔ اگر پراجیکٹ کمیٹیز کے فنڈز صحیح طریقے سے خرچ ہو سکتے ہیں، ہوتے ہیں، یہ بالکل درست ہے کہ اس سے زیادہ کام ہوتا ہے لیکن بعد میں اس بات پر ڈیبیٹ بھی ہو سکتی ہے، اس پر مشورہ بھی ہو سکتا ہے، اس پر حکومت کے ساتھ کسی دوسری مجلس کے اندر بات بھی ہو سکتی ہے لیکن باقی جو کنسلٹنٹس کا ایشو ہے، اس پر میرا خیال ہے کہ انکے خدشات حکومت کے نوٹس میں لانا، یہ انکا حق ہے لیکن کنسلٹنٹس کا ایک انٹرنیشنل پروسیجر ہے، سٹینڈرڈ ہے۔ سکندر حیات خان شیرپاؤ نے کہا، انہوں نے مخالفت کی، ویسے جس مجلس کے اندر یہ Decision ہو رہا تھا، یہ اوپر سے Imposed decision نہیں ہے، اس مجلس کے اندر چار انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹس کے لوگ موجود تھے اور اس کے منسٹرز بھی موجود تھے، اس کے ایڈمنسٹریٹو سیکرٹریز بھی موجود تھے، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ایریگیشن کے لوگ، لوکل گورنمنٹ کے لوگ اور ورکس اینڈ سروسز کے لوگ، یہ چار ڈیپارٹمنٹس تھے، چیف منسٹر اس کو چیئر کر رہے تھے اور سکندر خان اس مجلس کے اندر موجود تھے اور اس پہ ڈسکشن ہوئی اور اس ڈسکشن کے نتیجے میں کسی نے اختلافی بات کی، کسی نے حق میں بات کی، اس ڈسکشن کے نتیجے میں یہ Decision ہوا اور پھر Implementation کیلئے وقتاً فوقتاً میٹنگز بھی ہوئی ہیں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، ایک پورا پراسیس چلا ہے، وہ پراسیس اب Mature ہو گیا ہے۔ اس Mature process کے تحت اب ٹینڈرز ہو رہے ہیں، اب سلسلہ چل نکلا ہے، اس سٹیج پہ اس کو Interrupt، اس

کو Reverse کرنا میرے خیال میں یہ صوبے کے ساتھ مزید زیادتی ہوگی اور یہ بات کہی جاتی ہے کہ یہ ہمارا صوبہ تجربہ گاہ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ہماری، یہ انسان کی کمزوری ہوتی ہے کہ وہ نئے تجربے کرے اور اس سے ہم ڈرتے ہیں، وہ جو اقبالؒ کا شعر ہے کہ:

آئینِ نو سے ڈرنا طرزِ کہن پہ اڑنا　　　منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

ہم Innovations اور تجربے کر کے ہی اس پوری صورتحال سے نکل سکتے ہیں۔ جس روٹین کے اندر ہم پھنسے ہوئے ہیں، جس لگے بندھے نظام کے اندر ہم پھنسے ہوئے ہیں، جس Vicious cycle کے اندر ہم پھنسے ہوئے ہیں، اس Vicious cycle سے ہم نئے تجربے اور Innovative experience کر کے ہی نکل سکتے ہیں۔ اگر ہم اس ڈگر پہ چلتے جائیں گے، میرے خیال میں ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے اور دنیا نے جن پریکٹسز کو، جن Established practices کو اڈاپٹ کر کے ترقی کی ہے، اگر ہم ان سے نہیں سیکھیں گے تو میں نہیں سمجھتا کہ ہم آگے جائیں گے اور میں نے کوشش کی ہے کہ جو Major points انہوں نے اٹھائے ہیں، ان Major points کو میں Cover کروں۔ ویسے ایک بات کو میں نے Respond نہیں کیا کہ یہ کنسلٹنٹس کو کیسے Accountable ٹھہرائیں گے، ان کی Accountability کیسے کریں گے؟ یہی وہ نکتہ ہے کہ ہمارا خیال ہے کہ کنسلٹنٹس کو زیادہ Accountable ٹھہرایا جا سکتا ہے، ان کی آپ کے ساتھ بینک گارنٹیز ہوتی ہیں، ان کے آپ کے ساتھ Indemnity bonds ہوتے ہیں، آپ ان کو Confiscate کرتے ہیں، کنسلٹنٹس کو تو آپ زیادہ Accountable ٹھہرا سکتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ کے اندر آپ کا جو Accountability کا اور ڈسپلنری ایکشن کا جو پروسیجر ہے، وہ اتنا مشکل، اتنا Cumbersome ہے، جو Procedural رکاوٹیں ہیں سرکاری ملازمین سے پوچھنے کی وہ اتنی مشکل ہیں کہ سچی بات یہ ہے کہ اس کے اندر Accountability بڑا مشکل کام ہے۔ اس لئے میرا خیال ہے، میں سمجھتا ہوں، ہماری Understanding ہے کہ کنسلٹنٹس کو زیادہ Accountable ٹھہرایا جا سکے گا، اس سے زیادہ پوچھا جا سکے گا، ان کی سیکورٹی ضبط ہو سکے گی، ان کی بینک گارنٹیز ہونگی اور وہ ایسے نہیں جائیں گے اور اس طرح ان کو پیسے بھی ریلیز نہیں ہونگے۔ یہ ایک طرف سے ڈیپارٹمنٹ والے بھی بیٹھے ہوئے ہونگے اور دوسری طرف سے کنسلٹنٹس بھی ہونگے تو یہ ایک دوسرے کو Double check کریں گے Double verify کریں گے۔ میرا خیال ہے، اس سے نتیجہ خیر ہی نکلے گا اور ہمیں اس کی کوشش کرنی

چاہیے اور اس Mindset سے اس کی مخالفت کرنا کہ حکومت کی ایک نئی Innovation ہے، میرے خیال میں یہ مناسب نہیں رہے گا، اس کا انتظار کرنا چاہیے اور جب یہ اے ڈی پی Implement ہوتی ہے، اس کے بعد کسی چار پانچ چھ مہینے بعد اگلے سال کیلئے دوبارہ اس پہ کوئی غور کیا جاسکتا ہے، اس سارے پراسیس کو اس کے جو فائدے آئے ہیں، جو اس کی Strengths ہیں، Weaknesses ہیں، ان پہ بحث ہو سکتی ہے اور اس کے نتیجے میں اس کو Reform کیا جاسکتا ہے۔ تھینک یو، سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب سراج الحق صاحب!

(شور)

جناب سپیکر: دیکھیں، آج ہم نے میٹنگ کی ہے، ایک اصول ہم نے طے کیا جی، ایک اصول ہم نے طے کیا، یہ طریقہ نہیں ہے نہ جی۔ جی، جناب سراج الحق صاحب۔ آج ہم نے ڈسکشن کی ہے نا، ہم نے کہا کہ اس کا تو خیال رکھیں نا جی، یہ تو طریقہ نہیں ہے، مفتی صاحب۔ سراج الحق صاحب۔ دیکھیں، ایک منٹ، ایک منٹ، ایک منٹ، مفتی صاحب! دیکھیں، بہت احترام سے، آپ ایک منٹ تھوڑا دیکھیں جی، میں آپ کے ساتھ بات کرتا ہوں، بہت ادب اور احترام سے ہم نے ایک ڈسکشن کی ہے، اگر کوئی اس قسم کی بات ہے تو آپ پہلے میرے ساتھ مطلب چیمبر میں ڈسکس کیا کریں تاکہ اس کیلئے ہم وہ بھی بنائیں۔ ابھی ہم نے جو آج ایجنڈا لیا ہے، آپ کے ساتھ ڈسکس بھی کیا ہے، پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ ڈسکس بھی کیا ہے، اس کے مطابق مجھے چلنے دیں، مہربانی ہوگی جی۔ سراج الحق صاحب!

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ محترم سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور خصوصی طور پر اپوزیشن کے ممبران نے یعنی درد دل کے ساتھ بات کی ہے اور اخلاص کے ساتھ بات کی ہے، مجھے ان کی نیت پر بالکل شک نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے جو تجاویز دی ہیں، صوبے کی بہتری کیلئے دی ہیں، وہ سوچتے ہیں، غور کرتے ہیں، عوام اور قوم اور اپنے حلقوں کی نمائندگی کرتے ہیں، اس لئے ہم ان کو Appreciate بھی کرتے ہیں۔ ہمارے وزیر بلدیات، عنایت اللہ صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ کنسلٹنٹس کے حوالے سے اپنی باتیں رکھی ہیں، معروضات رکھے ہیں، جناب سپیکر صاحب! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جس طرح پاکستان میں اور خیبر پختونخوا میں اور قبائلی علاقوں میں دہشت گردی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے، اسی طرح بہت بڑا مسئلہ کرپشن کا ہے اور یہ بھی دہشت گردی سے کوئی کم مسئلہ نہیں ہے اور میں بہت اخلاص کے ساتھ بات کر رہا

ہوں کہ اگر پاکستان کی اس گزشتہ پینسٹھ سالہ تاریخ میں یہ موذی اور خطرناک بیماری نہ ہوتی تو آج پاکستان ملائشیا سے بھی آگے ہوتا اور چائنا سے بھی زیادہ ترقی یافتہ ہوتا لیکن انگریز کے جانے کے بعد ہم اس بیماری میں، ہماری قوم، دھرتی اور ملک اور تمام ادارے مبتلا ہو گئے ہیں اور اب تو اس نے کینسر کی شکل اختیار کی ہے۔ ہمارے وزیر صحت صاحب روز بچوں کو پولیو کے وہ قطرے پلاتے رہتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ پوری قوم کو اس طرح قطرے پلانے کی ضرورت ہے کہ ہم سے یہ بیماری نکل جائے۔ ہمیں ایک دوسرے پر، ہم سب گناہگار خطاکار ہیں، بے شمار کمی، کوتاہیاں موجود ہیں لیکن یہ ایک زندگی کی علامت ہے کہ سب لوگ خیر کی طرف، بھلائی کی طرف جانا چاہتے ہیں اور جناب سپیکر صاحب! آپ کی اجازت سے میں تجویز پیش کروں گا کہ نہ صرف صوبائی سطح پر بلکہ قومی سطح پر ہمیں کرپشن کے خلاف ایک بھرپور مہم چلانے کی ضرورت ہے اور مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت مل کر کرپشن کیلئے قانون سازی کریں اور اس کو ایک ایسا یعنی مہم ڈیزائن کرنے کی ضرورت ہے کہ بیداری بھی پیدا ہو اور اصلاح بھی ہو۔ جناب سپیکر صاحب! ہم برطانیہ گئے تھے تو وہاں جب اندھا گھر سے نکلتا ہے تو ریلوے سٹیشن جاتا ہے، اڈے پہ جاتا ہے، ہسپتال جاتا ہے، کوئی سکول جاتا ہے، آپ یقین کریں، وہ بغیر کسی سہارے کے منزل تک پہنچ جاتا ہے حالانکہ وہ اندھا ہوتا ہے، اس لئے کہ وہاں ایک Roadmap ہے، ایک ٹریک موجود ہے اور ہر کوئی اپنے ٹریک پہ جاتا ہے۔ یہاں جب لوگ اپنے گھروں سے نکلتے ہیں تو دانا اور بینا بھی راستے میں سو بار دھکے کھانے پر مجبور ہے اس لئے کہ کسی بھی چیز کیلئے ہمارے پاس Roadmap نہیں ہے۔ میں اس لیے سمجھتا ہوں کہ اس کرپشن نے پاکستان کا Image تباہ کیا اور اس کرپشن کی وجہ سے اب عالمی ادارے پاکستان پر اعتماد بھی نہیں کر رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اب جب وہ ایک کروڑ Dollar بھی دیتا ہے، کوئی Pound بھی دیتا ہے تو اس کے ساتھ ان کی شرط یہی ہوتی ہے کہ ہمارے لوگ آئیں گے اور آپ کے دفاتروں میں بیٹھ کر ہر کام کی نگرانی خود کریں گے، اس لئے وہ کہتے ہیں کہ جناب! ہم جو فنڈ قرض کے طور پر، امداد کے طور پر آپ کو دیتے ہیں، وہ آپ قوم پہ استعمال نہیں کرتے ہیں اور وہ ضائع ہو جاتا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہی وجوہات کی بناء پر ہم نے کوشش کی کہ کوئی بہتری کا راستہ اختیار کیا جائے، خصوصی طور پر خیبر پختونخوا میں جو لوگ پہلے بھی اسمبلیوں میں رہے ہیں، ان کا تجربہ ہے کہ ایک سڑک، ہر حکومت آتی ہے تو وہی سڑک دوبارہ بنانے پر مجبور ہے، گلی ہے وہ دوبارہ، اب یہاں پہ پبلک ہیلتھ کے منسٹر بیٹھے ہیں، یہ خوب بتا سکتے ہیں، یقین کریں پبلک ہیلتھ کی اتنی سکیمیں ہیں جو اب بھی بند پڑی ہیں اور فنانس منسٹر کی حیثیت سے میں نے جو گزشتہ

اے این پی کا دور بھی دیکھا، یعنی کاغذات میں میں نے مطالعہ کیا ہے، سپیکر صاحب! اس سے پہلے ایم ایم اے کا دور، اس سے پہلے بھی دور، آپ یقین کریں ایک ہی سکیم ہمیشہ بند رہتی ہے اور بار بار اس پہ پیسے نکالے جاتے ہیں، اس میں کس کا ہاتھ ہے؟ ظاہر ہے ایک سیاسی لیڈر، ایک سیاسی ورکر تو چاہتا ہے کہ عوام کو سہولت ملے لیکن درمیان میں ایسا ایک سقم، ایک مشکل، ایک Element موجود ہے جس کی وجہ سے ہم سب کو، آج بھی ہم نے یہ نہ کیا تو کل کوئی اور حکومت آئے گی، وہ بھی اسی طرح کے تجربات کرنے پر مجبور ہوگی، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کنسلٹنٹ کا نظام ہے، اس میں بہتری لانے کی ایک کوشش ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے، بابک صاحب نے بات کی ہے، اس کے نتائج اچھے بھی نکل سکتے ہیں، منفی بھی نکل سکتے ہیں لیکن ایک اچھی نیت کے ساتھ ہم نے یہ کام شروع کیا ہے، فنانس کی طرف سے گزشتہ دنوں تمام ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ ہمارا اجلاس ہوا ہے، ستر فیصد فنڈ ریلیز کیا ہے، یعنی ڈیپارٹمنٹ کو دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ کل بھی میں نے تمام اپوزیشن کے جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، ان کو بھی اور جتنے بھی اس ہاؤس میں جماعتوں کے لیڈرز موجود ہیں، ان کو آفس میں بلایا ہے تاکہ ہم چاہتے ہیں کہ ان کے سامنے صوبے کی جو فنانشل پوزیشن ہے، وہ رکھیں اور پھر جو مشکلات ہیں، وہ بھی ان کے سامنے رکھیں اور پھر جو صوبے کے حقوق کے حوالے سے ایشوز ہیں، وہ بھی ان کے سامنے رکھیں اور ہم مل کر آگے بڑھنے کی کوشش کریں لیکن اس کے ساتھ ہی میں بڑے کھلے دل کے ساتھ اپیل کروں گا کہ کرپشن کے خاتمے کے لئے اور اصلاح کیلئے کوئی بھی تجویز ہو تو نہ حکومت یہ تنہا کر سکتی ہے اور نہ کوئی ایک جماعت یہ تنہا کر سکتی ہے۔ میرے خیال میں اس حوالے سے بھی ہم نے مل کر جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے، یہ ایک صوبے میں بھی ممکن ہے لیکن اچھا ہوگا کہ مرکز کی سطح پر بھی، صوبوں کی سطح پر بھی ہم اس کو ایک قومی موومنٹ بنادیں۔ ایک زمانہ تھا، یہاں ایک لفظ بہت عام تھا، وہ تھا چیچک کی بیماری، لیکن ایک اجتماعی جدوجہد کے نتیجے میں وہ چیچک بیماری تقریباً اب ختم ہوگئی ہے، تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ایک علاج ہے، ایک پرہیز ہے، کیوں نہ ہم ایک سلوگن بنالیں_ دا پرهيز چې دے سپيکر صاحب! دا د علاج نه بهتر دے، دې وجې نه که په شريکه باندې مونږ يو داسې نظام جوړ کړو نو دا نه د کريډټ مسئله ده، نه د سکورنگ مسئله ده، دا زمونږ اجتماعی د ټول قوم مسئله ده او مونږ به خيرمقدم کوؤ د هر هغه تجويز چې څوک ئے مونږ ته پيش کړی، والله که د دې اسمبلئ نه بهر يو صحافی دے، که يو وکيل دے، که يو تاجر دے، که يو دوکاندار دے، بهرحال څه لمحه خو داسې پکار ده چې مونږ د

تباهئ په ځائې باندې آبادئ طرف ته سفر شروع کړو۔ زه ستا او د دې هاؤس يو ځل بيا شکريه ادا کوم۔

جناب سپیکر: بہت مہربانی جی۔

The sitting is adjourned till 03:00 pm of tomorrow afternoon.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ06مارچ2014ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

ضمیمہ

1162 _ جناب جمشید خان: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان اور صوابی میں سڑک اور نہر کے کنارے خشک / سوکھے درخت موجود ہیں جن کے ضائع ہونے کا خدشہ ہے؛
(ب) اگر (الف) کا اثبات میں ہو تو مذکورہ اضلاع میں خشک درختوں کی تعداد کتنی ہے، آیا حکومت ان درختوں کو نیلام کرنے کا کب تک ارادہ رکھتی ہے؟

1163 _ جناب جمشید خان: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا محکمہ ماحولیات امسال شجر کاری مہم شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع مردان کی کن کن سڑکوں، نہروں اور علاقوں میں شجر کاری مہم شروع کی جائے گی، تفصیل فراہم کی جائے؟